© rasailojaraid.com

اطمینان بخش کلام کیا اور جو کچھ لکھا ہے حوالہ کے ساتھ مدلل لکھا ہے اس لئے اثبات حدیث کے اُردو لٹریچر میں یہ کتاب ایک اچھا اور قابلِ قدر اضافہ ہے۔

الہامِ سحر: از جناب آرزو سہارنپوری۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت مجلد پانچ روپیہ۔

پتہ: نمبر ۷۷۔ جی، ٹی۔ روڈ فلیٹ نمبر ۵ ڈاک خانہ سلکیہ۔ ہاوڑہ (مغربی بنگال)

جناب آرزو سہارنپوری اُردو کے کہنہ مشق اور پختہ گو شاعر ہیں، بہ نسبت نظم کے غزل سے زیادہ مناسبت ہے۔ لیکن خیالات میں بلندی اور صفائی ہے۔ موصوف کے کلام میں حسن و عشق اور ہجر و وصال کے مضامین کے ساتھ معرفتِ نفس اور عرفانِ روح کا ایسا حسین امتزاج پایا جاتا ہے کہ آپ کی غزلیں عراقی اور عرفی کی غزلوں کا اُردو ایڈیشن معلوم ہوتی ہیں۔ اور ظاہر ہے اُردو زبان کے ایک شاعر کے لئے یہ بات کچھ کم قابلِ فخر نہیں ہے۔ امید ہے اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

بُرہان کے پُرانے پرچے درکار ہیں

جنوری ۱۹۴۱ء لغایتہ دسمبر ۱۹۴۱ء عموماً اور فروری ۱۹۴۱ء جولائی و اگست ۱۹۴۱ء خصوصاً

نیز جنوری ۱۹۴۲ء لغایتہ دسمبر ۱۹۴۲ء و مارچ ۱۹۴۴ء اور جولائی ۱۹۶۶ء ستمبر ۱۹۶۶ء

دفتر کو مندرجہ بالا شماروں کی فائل مکمل کرنے کے لئے ضرورت ہے مرحمت فرما کر ممنون فرمائیں۔

جو حضرات پرانے پرچے الگ کر دینا چاہتے ہوں اُن سے درخواست ہے کہ دفتر کو مطلع فرما دیں اور پرچوں کی جلد و شمارہ نمبر کا حوالہ بھی دیدیں، ضرورت کے پرچوں کے عوض ہم خریداروں کی مدت میں توسیع کر دیں گے، اعزازی اور تبادلے کے طور پر جن حضرات کی خدمت میں بُرہان پہونچتا ہے وہ حضرات اگر فائل رکھنے کے عادی نہ ہوں تو ایسے حضرات سے ہم بجا طور پر توقع کریں گے کہ وہ ادارہ کی لائبریری کو موجود رسائل مُفت پیش فرما دیں، ادارہ اُن کی پیش کش کو شکریہ کے ساتھ قبول کرے گا۔ ایجنٹ حضرات سے گذارش ہے کہ اگر وہ اپنے حلقہ اشاعت میں جولائی ۱۹۶۶ء، ستمبر ۱۹۶۶ء کے رسائل واپس حاصل کر کے مرحمت فرما دیں تو ہم ان کے عوض تازہ بُرہان پیش کر دیں گے اور واپسی کا خرچ دفتر کے ذمہ ہوگا۔

نیاز مند: محمد ظفر احمد خاں منیجر بُرہان دہلی ۶

© rasailojaraid.com